" ادارہ "

تبصرۂ کتب



بامحمدؐ باوقار | تصنیف۔ مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب۔ صفحات ۱۷۶ قیمت ۲۰ روپے

پتہ۔ قاضی محمد ابراہیم ثاقب الحسینی۔ دارالارشاد۔ مدنی روڈ۔ اٹک شہر

دینِ اسلام کی سربلندی، اور غلبہ و استحکام منصب نبوت پر مضبوط ایمان اور مکمل اعتماد پر موقوف ہے جب تک نبیؐ کی شخصیت، عظمت اور اس کا اتباع اور محبت و اطاعت مسلمانوں کے دلوں کی دھڑکن نہیں بن جاتی اجتماعی سطح پر کامیاب اسلامی انقلاب کی توقع عبث ہے۔ اب جب کہ موجودہ حالات میں عالمی سطح پر مسلمان خوابِ غفلت سے بیداری کی کروٹ لے رہے ہیں اور ملک میں نظام اسلام اور پارلیمنٹ میں علماء کے پیش کردہ شریعت بل یعنی مکمل جامع اسلامی نظام کے حوالے سے مباحث جاری ہیں۔ تحریک نفاذِ شریعت کے اس نازک ترین مرحلہ میں اسلامی انقلاب کے کارکنوں کے لئے سب سے قیمتی اور مؤثر عنصر، عامۃ المسلمین میں نبیؐ کا وقار و احترام اور کامل محبت و اطاعت کے جذبات کے انگیخت ہے اسی ضرورت اور انہی جذبات کو ملحوظ رکھ کر مخدوم العلماء حضرت العلامہ مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب نے بامحمدؐ باوقار کے عنوان سے مقام و احترام اور عظمت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک مختصر مگر جامع اور نافع کتاب تحریر فرمائی ہے جس میں وقار اسم محمدؐ محبوبیت اسم محمدؐ، چہرۂ انور کی تابانی، رفعت ذکر کی تشریح بدنی برکات، صحابہؓ اور احترام نبویؐ۔ عالمِ ارواح میں توقیر نبویؐ۔ جن و بشر میں مقام احترام۔ نبیؐ کے امت پر حقوق۔ توقیر حکمی، بے ادبی کا حکم، اہم تاریخی واقعات، رحمت دو عالمؐ کا اسوہ حسنہ اور اس نوع کے دسیوں عنوانات پر گراں قدر مضامین لکھے ہیں۔ موصوف کی یہ کتاب بھی آپ کی دوسری کتابوں رحمت کائنات اور نجاتِ دارین وغیرہ کی طرح سلیس، شستہ درد و سوز اور عشق و محبت کی کیفیات سے معمور اور دعوتِ عمل کی زبردست انگیخت ہے۔ کتابت و طباعت عمدہ، بہترین کاغذ، ٹائٹل جاذب نظر اور قیمت معقول ہے۔ ماہ مبارک ربیع الاول کی مناسبت سے گویا ایک بہترین تحفہ ہے۔ بہتر ہو گا کہ اہل اسلام تبلیغی نصاب کی طرح اس کے بھی اپنی مساجد میں نماز کے بعد صفحہ دو صفحے پڑھ لیا کریں۔ تو حضورؐ سے محبت و اطاعت، ایمان میں تازگی اور یقین میں پختگی کی دولت حاصل ہو۔

(ع ق ح)